امام صادقؑ آنلائن مدرسہ

خلاصہ درس ۳۳

افعال مقاربہ کی تعریف: افعال مقاربہ وہ افعال ہیں جو خبر کو فاعل سے قریب کرنے کے لیے وضع کئے گئے ہیں اسی وجہ سے انہیں افعال مقاربہ کہتے ہیں۔

یہ قریب ہونا تین طرح سے ہوسکتا ہے: خبر کے قریب ہونے کی امید ہو یا حاصل ہونا قریب ہو یا اس کا شروع ہونا قریب ہو۔

یہ افعال چار ہیں: عَسیٰ، کادَ، کَرَبَ، اَوْشَكَ

فعل کادَ کا عمل:

۱۔ کاد اکثر فعل مضارع ہوتی ہے اَنْ کے بغیر جیسے: کادَ زَيْدٌ يَخْرُجُ

۲۔ کبھی کاد کی خبر عَسیٰ سے تشبیہ کی بنیاد پر فعل مضارع "اَنْ" کے ساتھ آئے گی جیسے: کاد زيدٌ اَنْ يَخْرُجَ امید ہے کہ زید نکلے۔

فعل اوشک کا عمل:

اَوْشَكَ کے دو عمل ہیں:

۱۔ اگر عَسیٰ سے شباہت رکھتا ہو تو اَوْشَكَ کی خبر عَسیٰ کی طرح فعل مضارع "ان" کے ساتھ آتی ہے جیسے: اَوْشَکَ زَيْدٌ اَنْ يَخْرُجَ

۲۔ اگر کاد سے شباہت رکھتا ہو تو اَوْشَكَ کی خبر کاد کی طرح فعل مضارع بغیر "ان" کے آئے گی جیسے: اَوْشَکَ زَيْدٌ يَخْرُجُ

فعل کَرَبَ کا عمل:

کَرَبَ کی خبر ہمیشہ کادَ کی طرح فعل مضارع بغیر "اَنْ" کے آئے گی جیسے: کَرَبَ زَيْدٌ يَخْرُجُ

افعال مقاربہ کے معانی:

۱۔ عَسیٰ: اپنی خبر کو فاعل کے لئے رجا اور امید و طمع کی بنا پر قریب کرنے کے معنا میں استعمال ہوتا ہے جیسے عَسیَ اللهُ اَنْ يَشْفِيَ الْمَرِيْضَ

۲۔ کاد: اپنی خبر کو فاعل کے لئے حصول کی بنا پر قریب کرنے کے معنا میں استعمال ہوتا ہے جیسے کادَتِ الشَّمْسُ تَغْرُبُ

۳۔ اَوْشَكَ: کاد کی طرح یہ بھی اپنی خبر کو فاعل کے لئے حصول کی بنا پر قریب کرنے کے معنا میں استعمال ہوتا ہے جیسے اَوْشَكَ زَيْدٌ يَخْرُجُ.